کرنسی ریٹ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	278.70	279.70
کینیڈین ڈالر	203.50	205.50
پاؤنڈ سٹرلنگ یو کے	378.10	380.10
آسٹریلین ڈالر	199.00	201.00
ملائیشین رنگٹ	72.00	73.00
یو اے ای درہم	76.30	76.80
سعودی ریال	74.60	75.10
عمانی ریال	724.50	728.00
یورو	320.85	322.85
جاپانی ین	1.72	1.78
کویتی دینار	891.75	897.00
بحرینی دینار	739.00	742.50

یہ تمام ریٹ جمعہ 17 جولائی 2026 کے ہیں

خوشخبری! تیسرا عمرہ لکی ڈرا
25 جولائی 2026
منتخب برانچز میں ہونے جا رہا ہے
PARACHA EXCHANGE

نمازوں کے اوقات

فجر	4:30
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

موسم

گزشتہ روز زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39.5 سینٹی گریڈ
کم سے کم درجہ حرارت 31.5 سینٹی گریڈ
صبح 8 بجے ہوا میں نمی کا تناسب 64 فیصد
شام 5 بجے ہوا میں نمی کا تناسب 41 فیصد

محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران موسم گرم اور مرطوب رہنے اور گرد آلود ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔

طلوع و غروب آفتاب

آج شام غروب آفتاب 7 بجکر 17 منٹ
کل صبح طلوع آفتاب 5 بجکر 22 منٹ پر ہوگا

چیف ایگزیکٹو آفیسر ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نعیم صادق چیمہ صفائی کنٹریکٹرز کے کارکردگی جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بیرون ملک سے ڈی پورٹ کیا گیا شخص ایئرپورٹ پر گرفتار

ملتان (سٹاف رپورٹر) ایف آئی اے نے بیرون ملک سے ڈی پورٹ کیے گئے شخص کو گرفتار کر کے سرکل آفس منتقل کر دیا، تفصیلات کے مطابق نجی ایئرلائن کی پرواز SV-0800 سعودی عرب سے مسافروں کو لے کر ملتان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچی تو دوران کلیئرنس ایف آئی اے امیگریشن کاؤنٹر نے ایک شخص کو گرفتار کیا جس کی شناخت نواز خان کے نام سے ہوئی، گرفتار شخص کے بارے میں معلوم ہوا کہ بیرون ملک میں غیر قانونی طریقے سے رہائش اختیار کی ہوئی تھی جسے گرفتار کر کے حکام نے ڈی پورٹ کیا تھا، ایئرپورٹ پہنچنے پر ایف آئی اے نے اسے گرفتار کر کے سرکل آفس منتقل کرنے کے بعد تحقیقات شروع کر دی۔

بدھلہ سنت، خودکشی کرنے والی شمیم کو نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا

بدھلہ سنت (نامہ نگار) شمیم زیادتی کیس میں خودکشی کرنیوالی شمیم جو سجاد ٹاؤن بدھلہ سنت کی رہائشی تھی نے تھانہ بدھلہ سنت پولیس کیطرف سے اندراج مقدمہ نہ کرنے کیوجہ سے زہریلی گولیاں کھا لی تھیں اسکو نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔

زیادتی اور تیزاب پھینکنے سمیت دیگر جرائم میں ملوث افراد کیخلاف مقدمات درج

بدھلہ سنت پولیس نے خاتون کو زہریلی گولیاں کھلا کر قتل کرنے کے الزام میں ملزم کیخلاف مقدمہ درج کر لیا

ملتان (سٹاف رپورٹر) پولیس کی کارروائیاں، زیادتی اور خاتون پر تیزاب پھینکنے سمیت دیگر جرائم میں ملوث افراد کے خلاف مقدمات درج، تفصیلات کے مطابق پولیس نے زیادتی اور زیادتی کی کوشش کرنے کے الزام میں 7 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے، ممتاز آباد پولیس نے خاتون پر تیزاب پھینکنے اور نقدی و زیورات لے کر دھمکیاں دینے کے الزام میں چار افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، بدھلہ سنت پولیس نے خاتون کو زہریلی گولیاں کھلا کر ناحق قتل کرنے کے الزام میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، بستی جلال پور پولیس نے ایگری کلچر ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے کے الزام میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، نیو ملتان پولیس نے پولیس پر فائرنگ اور ساتھی کو گولی مار کر زخمی کرنے کے الزام میں دو ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، تھانہ چہلیک پولیس نے پولیس کانسٹیبل کی شرٹ پھاڑنے کے الزام میں 7 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، بدھلہ سنت پولیس نے زیادتی کی شکار خاتون کے میڈیکل اور اندراج مقدمہ کے نام پر ہزاروں روپے بٹورنے کے الزام میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، نوسربازی کے مختلف واقعات میں پولیس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے، تھانہ سیتل ماڑی پولیس نے بچوں سے نازیبا حرکات کرنے کے الزام میں مدرس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا جبکہ موٹر سائیکل پر جعلی نمبر پلیٹ لگانے کے الزام میں پولیس نے ایک شخص کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

روٹری کلب ملتان مڈ ٹاؤن کا وفد کوآرڈینیٹر ساؤتھ زون روٹری انٹرنیشنل محمد سلیم ناصر کی قیادت میں ادارہ بحالی منشیات و نفسیات کے دورہ کے موقع پر مرزا شاہد، سمیع خان، ڈاکٹر افشاں، سرفراز احمد، ڈاکٹر عرفان کے ہمراہ گروپ فوٹو

آزاد کشمیر میں بھی مسلم لیگ ن کی حکومت قائم ہوگی، شاہین شفیق

ملتان (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کی سینئر رہنما اور سابق ایم این اے شاہین شفیق نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں بھی مسلم لیگ ن کی حکومت قائم ہوگی اور مسلم لیگ ن مقبوضہ کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کو ان کا حق خود ارادیت دلوائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے آزاد کشمیر الیکشن میں مسلم لیگ ن کے امیدوار سید شوکت شاہ کے حق میں دستبردار ہونے والے مضبوط امیدوار حفیظ بٹ کے اعزاز میں دیے گئے عشائیے سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر شرکاء کی جانب سے حفیظ بٹ کی دستار بندی بھی کی گئی، تقریب میں سابق ایم این اے شیخ طارق رشید، انجمن بٹ، تہمینہ نور قسور بھٹی اور احمد بٹ سمیت دیگر نے شرکت کی۔

آزاد کشمیر الیکشن میں مسلم لیگ ن کے امیدوار کے حق میں دستبردار ہونے والے امیدوار حفیظ بٹ کے اعزاز میں عشائیے کے شرکاء کا شاہین شفیق، شیخ طارق رشید اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

موٹروے اہلکاروں سے بدتمیزی اور دھمکیاں دینے پر ٹرالر ڈرائیور اور کنڈیکٹر گرفتار

ملتان (سٹاف رپورٹر) شاہ شمس انٹرچینج پر موٹر وے اہلکاروں سے ٹرالر ڈرائیور اور کنڈیکٹر کی دست درازی اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کی اطلاع پر پولیس نے دونوں افراد کو گرفتار کر کے کارروائی شروع کر دی، تفصیلات کے مطابق شاہ شمس انٹرچینج پر موٹر وے اہلکار معمول کے گشت پر مامور تھے کہ ٹرالر نمبری TMK-947 کو موٹر وے لین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے روکا تو ڈرائیور انصار عباس اور کنڈیکٹر آصف نے موٹر وے انسپکٹر اکرام سے بدتمیزی شروع کر دی، کنڈیکٹر نے موبائل فون سے ویڈیو بناتے ہوئے اہلکاروں سے دست درازی بھی کی جس پر مزید نفری طلب کر کے دونوں افراد کو گرفتار کر لیا گیا، اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچی اور گرفتار شدہ افراد کو تحویل میں لیکر کارروائی شروع کر دی۔

ڈی سی مظفرگڑھ کا "سانجھی سبزی" پروگرام کے سلسلے میں مختلف علاقوں کا دورہ

مظفرگڑھ (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت ڈپٹی کمشنر مظفرگڑھ عثمان طاہر جپہ نے "سانجھی سبزی" پروگرام کے سلسلے میں ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور سبزیوں کی کاشت کے لیے مختص رقبہ، جاری سرگرمیوں اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر محکمہ زراعت کے افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

میلسی، 7 جواری گرفتار، رقم، 4 موٹر سائیکل اور 7 موبائل فون برآمد

میلسی (نامہ نگار) پولیس نے انسداد گیمبلنگ ایکٹ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے بذریعہ لڈو دانہ جواء کھیلتے سات جواری فیاض، امیر، ریاض، نعیم، عمران، غلام مصطفی اور جمشید کو گرفتار کر لیا جواء پر لگی ونگ رقم 52 ہزار روپے، 4 عدد موٹر سائیکل اور 7 عدد موبائل فون برآمد کر کے ملزموں کے خلاف تھانہ سٹی میلسی نے مقدمہ درج کر لیا۔

چوری ڈکیتی کی متعدد وارداتیں، شہری نقدی، موبائل فونز اور قیمتی اشیاء سے محروم

عبدالمجید سے ڈاکو 1 لاکھ 65 ہزار روپے لوٹ کر فرار، مصباح کے ڈیڑھ لاکھ روپے اور پانچ موبائل فونز چوری ہو گئے

ملتان (سٹاف رپورٹر) پولیس نے چوری و ڈکیتی کی 38 وارداتوں میں شہریوں کے لاکھوں روپے، طلائی زیورات، موٹر سائیکلوں اور موبائل فونز سمیت دیگر قیمتی سامان سے محروم ہونے کے الزام میں نامعلوم ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر لیے، تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ کے علاقے میں منال خان، جلیل آباد کے علاقے میں قاسم کے موبائل فونز اور چہلیک کے علاقے میں سہیل کی موٹر سائیکل چوری ہوگئی، تھانہ مظفر آباد کے علاقے عبدالمجید سے ڈاکو اسلحہ کے زور پر نقدی 1 لاکھ 65 ہزار لوٹ کر فرار ہو گئے، قطب پور کے علاقے ابراہیم کا گھریلو سامان شہروز کا موبائل نامعلوم چور لے گئے تھانہ شاہ شمس کے علاقے اقبال حسن کے بیٹے سے ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر 90 ہزار چھین کر فرار ہو گئے علی، حاجی صاحب ممتاز آباد کے علاقے مدثر نواز کے موبائل فونز شہباز کی موٹر گلگشت کے علاقے مصباح کی نقدی 1 لاکھ 50 ہزار یاسین کے پانچ موبائل فونز چوری ہو گئے جوہ سے دو ڈاکو اسلحہ کی نوک پر 1 لاکھ روپے لوٹ لیا تھانہ بی زیڈ کے علاقے مسیح سے مسلح ڈاکوؤں نے موبائل چھین لیا رفیق کا میٹر بجلی توقیر کا موبائل کالونی کے علاقے کوثر بی بی کا موبائل ڈی ایچ اے کے علاقے صداقت، جاوید کے نقدی موبائل فونز ولید کا گھریلو سامان روف سے مسلح ڈاکوؤں نے 40 ہزار موبائل چھین کر لے گئے صدر کے علاقے ابرار کی نقدی 12 ہزار سعید کی موٹر سائیکل موبائل فونز تھانہ الپہ کے علاقے اسحاق سے نامعلوم ملزمان اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل موبائل چھین کر فرار ہوگئے قادر پوراں کے علاقے شاہد کا آدھ تولہ سونا نیو ملتان کے علاقے نوید اختر شاہ رکن عالم کے علاقے فیاض، مذبیر کی موٹر سائیکلیں خالد کا سامان مخدوم رشید کے علاقے ذوالفقار علی کی بکریاں بستی ملوک کے علاقے فیصل انجم کا موبائل اللہ رکھا کی موٹر سائیکل سعد قریشی کا سامان چوری ہو گئے فخر حسین کی موٹر سائیکل مسلح ڈاکوؤں نے چھین لی صدر شجاع آباد کے علاقے فیض احمد کے آم ستی جلالپور کے علاقے نصر اللہ کا ٹرانسفارمر صدر جلالپور کے علاقے مجاہد کے آم اور بشیر احمد کی بھینس چوری ہو گئے۔ پولیس نے نامعلوم ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کر دی۔

گھر کھنڈا کے قریب گھر میں اے سی میں آگ لگنے کے بعد سامان جلا ہوا ہے، ان سیٹ فوٹو میں زخمیوں کو موقع پر طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے

عدالتی اشتہارات
COURT NOTICE

بعدالت جناب محمد مدثر حیات صاحب گارڈین جج درجہ اول میلسی ۔ اللہ وسایا بنام عوام الناس وغیرہ ۔ درخواست گارڈین ۔ بنام ۔ عوام الناس ۔ ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 20-07-2026 بوقت 8 بجے دن اصالتاً یا وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

دستخط حاکم مہر عدالت

بعدالت جناب محمد مدثر حیات صاحب گارڈین جج درجہ اول میلسی ۔ رضوان بنام عوام الناس ۔ درخواست جانشینی ۔ بنام ۔ عوام الناس ۔ ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 25-07-2026 بوقت 8 بجے دن اصالتاً یا وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

دستخط حاکم مہر عدالت

بعدالت جناب احمد ندیم خان نیازی صاحب سول جج، ڈیرہ غازی خان عنوان مقدمہ اتیلہ نورین بنام محمد علی وغیرہ دعویٰ استقرار حق پیشی 21-07-2026 بنام محمد علی عرف ڈتو ولد محمد کلیم ، سلمیٰ یاسمین زوجہ محمد علی قوم پٹھان ، ساکنان آپاشی کالونی، ڈیرہ غازی خان ۔ ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 21-07-2026 بوقت 8 بجے دن اصالتاً یا وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

دستخط حاکم مہر عدالت

بعدالت جناب مہر سرفراز حسین صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، ڈیرہ غازی خان مقدمہ نمبر 10/24-06-2026 عنوان مقدمہ ٹیلی نار بذریعہ محمد رضوان اسلم بنام محمد آصف خان گوپانگ وغیرہ، نگرانی دیوانی بنام مہر نوید عالم ولد نبی بخش قوم چھینہ سکنہ بستی چھینہ، جاجپور روڈ، تحصیل کوٹ چھٹہ، ضلع ڈیرہ غازی خان ۔ ہرگاہ بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 20-08-2026 بوقت 8 بجے دن اصالتاً یا وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

دستخط حاکم مہر عدالت

مظفر آہنگل ایڈووکیٹ جج گروپ آرگنائزرز کے منظم منتخب

قادر پور راں (نامہ نگار) الیوکلسٹر کے جج گروپ آرگنائزرز نے سینئر جج گروپ آرگنائزر اور ممتاز قانون دان ملک محمد مظفر آہنگل ایڈووکیٹ کو متفقہ طور پر اپنا منظم منتخب کر لیا، ملک محمد مظفر آہنگل ایڈووکیٹ نے اس اعتماد پر الیوکلسٹر کے تمام جج گروپ آرگنائزرز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس ذمہ داری کو دیانت، اخلاص اور باہمی مشاورت کے ساتھ احسن انداز میں نبھانے کی بھرپور کوشش کریں گے اور جج گروپ آرگنائزرز کے مفادات کے تحفظ اور بہتر خدمت کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

ٹھٹھہ صادق آباد، تیز رفتار کار کی ٹکر سے نائب محرر شدید زخمی

ٹھٹھہ صادق آباد (نامہ نگار) تیز رفتار کار کی ٹکر سے نائب محرر تھانہ ٹھٹھہ صادق آباد شدید زخمی، ہسپتال منتقل، نامعلوم کار ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج، تفصیل کے مطابق گزشتہ روز نائب محرر تھانہ ٹھٹھہ صادق آباد عاشق حسین خانیوال سے موٹر سائیکل پر ڈیوٹی پر ٹھٹھہ صادق آباد آ رہا تھا کہ الخلیفہ سنگریٹ پل 14 کے قریب پیچھے سے آنے والی نامعلوم تیز رفتار کار نے ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں عاشق حسین شدید زخمی ہوگیا، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی طرف سے عاشق حسین کو پہلے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال جہانیاں پھر خانیوال ڈی ایچ کیو منتقل کر دیا گیا، پولیس تھانہ جہانیاں کی طرف سے نامعلوم کار ڈرائیور کے خلاف تیز رفتاری لاپرواہی کا مظاہرہ کرنے پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔

پولیس اہلکاروں نے ٹرک ڈرائیور سے 18 کلو چاندی اور لاکھوں روپے لوٹ لئے

معاملہ منظر عام پر آنے کے دو ماہ بعد واقعے کا مقدمہ درج، 2 پولیس اہلکاروں سمیت 3 افراد کو حراست میں لے لیا گیا

مظفرگڑھ (نمائندہ جنگ) پولیس اہلکاروں نے جعلی ناکہ لگا کر ٹرک ڈرائیور سے 18 کلو چاندی اور لاکھوں روپے لوٹ لیے، پولیس نے معاملہ منظر عام پر آنے کے دو ماہ بعد واقعے کا مقدمہ درج کر لیا، دو پولیس اہلکاروں سمیت 3 افراد کو حراست میں لے لیا گیا، تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی کے علاقے رکھ خان پور میں 9 مئی کو ٹرک ڈرائیور عبدالمتین سے 18 کلو چاندی اور لاکھوں روپے لوٹ لیے گئے تھے، ضلع پشین صوبہ بلوچستان کے رہائشی ٹرک ڈرائیور عبدالمتین کے مطابق اس کے ٹرک کو رکھ خان پور میں پولیس اہلکاروں سمیت 6 افراد نے تلاشی کے بہانے روکا اور ٹرک ڈرائیور اور اس کے دو ساتھیوں نقیب اللہ اور نثار احمد کی جیبوں سے لاکھوں روپے کی رقم نکال لی اور بعد ازاں ٹرک سے ایک کروڑ 75 لاکھ روپے مالیت کی 18 کلوگرام چاندی لوٹ کر اپنی گاڑیوں میں فرار ہو گئے، پولیس کے مطابق ڈکیتی کا مقدمہ واقعے کے 2 ماہ بعد متاثرہ ٹرک ڈرائیور کی مدعیت میں تھانہ سٹی میں 6 افراد کے خلاف درج کر لیا گیا، پولیس ذرائع کے مطابق کروڑوں روپے کی ڈکیتی میں پولیس اہلکار بھی ملوث تھے، سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیجز کی مدد سے شناخت کر کے واقعے میں ملوث ایک پولیس اہلکار اور ایک جیل پولیس اہلکار سمیت 3 افراد کو حراست میں لے لیا گیا، پولیس ذرائع کے مطابق حراست میں لے جانے والا پولیس ملازم ضلع کے ایک جوڈیشل آفیسر کا گارڈ بھی رہا ہے جب کہ واقعے میں شامل دیگر پولیس ملازمین کی شناخت کا عمل جاری ہے، پولیس ترجمان نے پولیس ملازمین کی گرفتاری کی تصدیق یا تردید کرنے سے انکار کیا ہے۔

جامعہ زکریا کا 8 ارب 10 کروڑ کا بجٹ تیار، 60 کروڑ کے خسارے کا سامنا

ملتان (سٹاف رپورٹر) جامعہ زکریا ملتان کو 60 کروڑ روپے کے خسارے کا سامنا، نئے مالی سال 2026-27ء کے لیے 8 ارب 10 کروڑ روپے کا بجٹ تیار، تفصیل کے مطابق جامعہ زکریا کی انتظامیہ نے مالی سال 2026-27ء کے لیے 8 ارب 10 کروڑ روپے سے زائد کا بجٹ تیار کر لیا ہے جسے 23 جولائی کو ہونے والے پلاننگ اینڈ فنانس کمیٹی کے اجلاس میں منظوری کے لیے پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق یونیورسٹی کو گزشتہ مالی سال کے دوران 60 کروڑ روپے کے مالی خسارے کا سامنا رہا، جس کے باعث نئے بجٹ میں آمدن اور اخراجات کے درمیان توازن برقرار رکھنے کے لیے متعدد اہم اقدامات تجویز کیے گئے ہیں، نئے مالی سال میں یونیورسٹی کی آمدنی کا بڑا حصہ ہائر ایجوکیشن کمیشن اور پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کی گرانٹس پر مشتمل ہوگا۔

وہاڑی، لوڈر رکشہ سے 20 من سے زائد مردہ مرغیاں برآمد

وہاڑی (نمائندہ جنگ) پنجاب فوڈ اتھارٹی ٹیم نے وہاڑی کے علاقے ٹھینگی سے مردہ مرغیوں سے بھرا لوڈر رکشہ پکڑ لیا۔ لوڈر رکشہ سے 20 من سے زائد مردہ مرغیاں برآمد کی گئیں مردہ مرغیاں مختلف مقامات پر ہوٹلوں اور فاسٹ فوڈ پوائنٹس پر سپلائی کی جانی تھیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے مرغیاں موقع پر تلف کر کے سپلائر کیخلاف ایف آئی آر درج کروا دی جبکہ لوڈر رکشہ پولیس نے تحویل میں لے لیا۔


10%
ڈسکاؤنٹ
پریمیم اور پلاٹینیم پیکجز پر
جہاں ملیں رشتے، صرف آپ کی پسند اور معیار کے مطابق
رازداری کے ساتھ!
ابھی رابطہ 042-32381111 کریں Dil Ka Rishta Vip

(TENDER NOTICE) FOR F.Y -2026-2027
SPECIAL BRANCH, BAHAWALPUR REGION

Special Branch, Bahawalpur Region invites E-Bids for the purchase/provision of Miscellaneous Items/Services in accordance with the Punjab Procurement Rules 2014. Bidders, including firms, companies, suppliers, or contractors engaged in trading, must be registered with relevant Registration Authorities and Tax Departments/Authorities (Income Tax, Sales Tax & Punjab Sales Tax, etc.). The bidding process will be conducted through open competitive bidding for the Financial Year under the following head of accounts: -

Sr. No.	Head of account	Estimated Amount in PKR (in Millions)	Bid Security
1	Purchase of Goods, Repair/ Services of Misc Items and Repair of Other/Residential Buildings	11.1	3%

CONDITIONS

1. E-Bids will be opened on **Tuesday, August 04, 2026, at 11:00 PM** in accordance with **Rule 30(1)** of Punjab Procurement Rules-2014. The opening will take place in the presence of bidders or their representatives and the procurement/tender committee.
2. All procurements will be conducted electronically through **Punjab e-Procurement System**, as per **Rule 12** of the Punjab Procurement Rules-2014 and **Section 5** of the Punjab Electronic Procurement Regulations-2022. The bidding documents, which include all terms, conditions, requirements, and specifications, can be downloaded from the Punjab Procurement Regulatory Authority website **(http://ppra.punjab.gov.pk)** and the **Punjab e-Procurement System**. website **(https://ep.punjab.gov.pk)** before the closing date and time. Bidding documents may also be available immediately after the date of publication, free of cost, on the Punjab Procurement Regulatory Authority website and the EPADS website, in accordance with **Rule 25(1)** of the Punjab Procurement Rules-2014 and **sub-regulation 4** of the Punjab Procurement Regulations-2022. In the event of a public holiday due to any reason, the date of receiving and opening tenders will be considered the next working day.
3. Each E-Bid shall comprise a single package containing both Technical and Financial components (inclusive of all taxes). The submission must be in complete conformity with the bidding document and should be made online through the E-Procurement system (**Punjab e-Procurement System**) website, following the schedule below: -

E-Bid Submission Date & Time	**04.08.2026 till 10:00 AM**
E-Bid Opening Date & Time	**04.08.2026 till 11:00 PM**

4. The bidders are required to submit the original bid security, **@3% of the estimated cost** as mentioned in the table above, in accordance with **Rule 27** of the Punjab Procurement Rules-2014. The bid security should be enclosed in an envelope clearly marked with the bidding document number and title. It must be in the form of a CDR, Bank Guarantee, Demand Draft, or Pay Order issued by any scheduled bank, favoring the S.P (Superintendent of Police), Special Branch, Bahawalpur Region, before the E-Bid submission deadline.
5. Upon acceptance of tenders, bidders shall deposit a **Performance Guarantee** in accordance with **Rule 56** of the Punjab Procurement Rules-2014. The guarantee amount shall be **@5% of the total value of the contract** and must be submitted in the form of a deposit at call, made in the name of the S.P (Superintendent of Police), Special Branch, Bahawalpur Region. Subsequently, the contract agreements will be drawn. The Performance Guarantee will be refunded upon successful completion of the contract.
6. The Regional Officer/S.P (Superintendent of Police), Special Branch, Bahawalpur Region, reserves the right to reject E-Bids or proposals at any time prior to the acceptance of an E-Bid or proposal, in accordance with **Rule 35** of the Punjab Procurement Rules-2014.
7. Upon request, the procuring agency shall communicate to any bidder the grounds for its rejection of all E-Bids or proposals. However, it shall not be required to justify those grounds.
8. The tendering process and conditions will follow **Section 38(2)(a)** of the Punjab Procurement Rules-2014. It will be a **'Single Stage' 'Two Envelope'** process, as explained in the E-Bidding documents. The technical sample or brochure for each item shall be mandatory and will be evaluated.
9. The Income/Sale Tax Registration Certificate and other documents, as mentioned in the E-Bidding documents, must accompany the Technical Bids. Taxes will be deducted as per Government Rules.
10. The E-Bid validity will extend until the closure of the Financial Year, i.e., 30.06.2027.
11. The repeat orders shall not exceed 15% of the original procurement, as per **Rule 59(c)(ii)** of the Punjab Procurement Rules-2014.
12. Late comers will not be allowed to participate in the tender process.

Note: **E-Bids submitted at Punjab e-Procurement System through online shall only be accepted before deadline.**

Bidders are advised to ensure uploading the Bid on Punjab e-Procurement System, well before the submission deadline, and not wait for the last date and time to upload the bid. Bid submission on Punjab e-Procurement System shall entirely be the responsibility of the bidder. Special Branch, Bahawalpur Region, Bahawalpur shall not be held responsible for any issues thereof. For any assistance regarding Punjab e-Procurement System, system support email and phone numbers are provided hereunder:

(BAKHTIAR AHMAD), SUPERINTENDENT OF POLICE,
SPECIAL BRANCH, BAHAWALPUR REGION, BAHAWALPUR.
IPB-461

TENDER NOTICE

The Medicines are required on day to day basis for the Patients of PBM Funds during the financial year 2026-27 for BINO Cancer Hospital, Bahawalpur.
Details for Tender Notice:

Last Date for Purchase of Tender Documents	Closing time for submission of Tender Documents	Time for Opening of Tender Documents
10-08-2026 (02:00 PM)	11-08-2026 (09:00 AM)	11-08-2026 (10:00 AM)

1. PPRA Rules shall be strictly followed.
2. Complete/detailed specification, terms & conditions of the bids are available in tender documents which will be issued upon by depositing the tender documents fee of Rs. 1,000/- (Non-Refundable).
3. The procuring agency may reject all bids or proposals at any time prior to the acceptance of a bid or proposal as per the Clause-35, PPRA Rules-2004 (amended Jan-2016).

Director
BINO Cancer Hospital, Bahawalpur (062-9255329)

UNIVERSITY OF
HEALTH SCIENCES
LAHORE

PUBLIC NOTICE

Mandatory Production of Original CNIC / Juvenile Identity Card for Entry to MDCAT-2026 Examination Centre

The University of Health Sciences (UHS), Lahore, hereby notifies all candidates intending to appear in the **Medical and Dental College Admission Test (MDCAT-2026)**, scheduled to be held on **16 August 2026**, that production of the original and valid identity document at the examination centre is mandatory for entry into the examination hall.

- ▶ Every candidate **18 years of age or above** must possess and produce the original valid Computerized National Identity Card (**CNIC**) issued by the National Database and Registration Authority (NADRA).

- ▶ Candidates **below 18 years of age** must possess and produce the original valid **Juvenile Identity Card (JIC)/Smart Card** issued by NADRA.

- ▶ Candidates holding a valid **original Passport** issued by the competent national authority of their respective country shall also be permitted to appear in the examination upon production of the original Passport.

NO
NOT ALLOWED
- B-Form (Child Registration Certificate)
- Secondary School Certificate (Matric)
- Higher Secondary School Certificate (F.Sc./HSSC)
- Domicile Certificate
- Educational Institution Identity Card
- Driving Licence
- Any other certificate or document

As biometric verification of candidates shall be conducted at the examination centres, only the original CNIC, original Juvenile Identity Card (JIC)/Smart Card, or original valid Passport (where applicable) shall be accepted for entry into the examination hall.

Photocopies, scanned copies, digital images, laminated copies, expired identity documents, or any other document whatsoever shall not be accepted.

All aspiring candidates are advised to obtain the requisite identity document from NADRA well before the examination date to avoid any inconvenience. Failure to produce the prescribed original valid identity document at the examination centre may result in denial of entry to the examination hall.

Registrar
University of Health Sciences,
Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600
Ph #: 042-99231305-09
SPL# 758

/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk

ای-نیلام عام ادنیٰ معدنیات۔

ادنیٰ معدنیات (عام ریت، گریول، ریت/ گریول اور سینڈ سٹون) کی نکاسی کیلئے درج ذیل پٹہ جات برائے مدت و طریقہ کار حسب قواعد پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002، اور حسب قانون ان میں وقتاً فوقتاً ترمیمات وغیرہ کے تحت "جہاں ہے، جیسے ہے" کی بنیاد پر ذیل میں دیئے گئے پروگرام کے مطابق بذریعہ ای-نیلام عطا کیے جائیں گے۔ ایسے رقبہ جات کے بارے میں قبل از ای-نیلام حسب طلب معلومات مقامی دفاتر سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ای-نیلام آن لائن بذریعہ ویب سائٹ https://mmdeauction.punjab.gov.pk مقرر کردہ تواریخ و وقت پر منعقد کی جائے گی۔

نام ضلع	رجسٹریشن وریزرو قیمت کی بینک رسید اپلوڈ کرنے کی تاریخ۔	تاریخ و وقت ای-نیلام	مقامی دفتر و ٹیلیفون نمبر	نام معدن	نام بلاک/ زون	ریزرو قیمت	نام بلاک/ زون	ریزرو قیمت
راولپنڈی۔	28.07.2026 تا 29.07.2026 13.08.2026 تا 17.08.2026 03.09.2026 تا 04.09.2026 11:59:59 pm	05.08.2026 22.08.2026 11.09.2026 09 am-05 pm	دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، پلاٹ نمبر 5 سیکٹر آئی ٹین انڈسٹریل ایریا اسلام آباد۔ 051-4859114 0321-4702021 0321-6832669	ریت/ گریول۔	ڈگی والا کس۔	Rs. 10,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 26.12.2026 تک ہے۔	مٹھان کھڑ-2۔	Rs. 3,400,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 03.11.2026 تک ہے۔
					خان پور۔	Rs. 15,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 03.11.2026 تک ہے۔	ڈیرہ۔	Rs. 1,31,00,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 21.08.2026 تک ہے۔
					متروال۔	Rs. 1,20,00,000/-	ڈھوک قاضی۔	Rs. 1,45,00,000/-
					سئور۔	Rs. 5,000,000/- محکمہ ماحولیات سے NOC جاری ہونے کے بعد نیلام ہو گا۔		
				گریول۔	چراغالی۔	Rs. 10,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 06.10.2026 تک ہے۔		
				سینڈ سٹون۔	ڈھوک چھجیاں والی-2۔	Rs. 15,500,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 21.11.2026 تک ہے۔		
اٹک۔	28.07.2026 تا 29.07.2026 13.08.2026 تا 17.08.2026 03.09.2026 تا 04.09.2026 11:59:59 pm	05.08.2026 22.08.2026 11.09.2026 09 am-05 pm	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، نزد چونگی نمبر 6 فتح جنگ روڈ، اٹک۔ 057-29316123 0307-4919241	سینڈ/ گریول	پونڈ میانہ + جہان آباد-A-1۔	Rs. 50,000,000/-	شاہیا-1	Rs. 40,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 10.12.2026 تک ہے۔
					دھری رائے دو-2	Rs. 78,100,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 29.12.2026 تک ہے۔		
				سلیٹ سٹون۔	روسیاں-1	Rs. 1,100,000/-		
				گریول	سمبرال-2	Rs. 4,000,000/-	گوکو-1	Rs. 5,000,000/-
					برہار-1	Rs. 4,000,000/-	گوکو-2	Rs. 5,000,000/-
					قاضی آباد-1	Rs. 10,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 22.12.2026 تک ہے۔		
				سینڈ سٹون۔	کھوڑ-3 (ڈرمی)	Rs. 4,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 10.10.2026 تک ہے۔	جعفر-2	Rs. 3,600,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 10.10.2026 تک ہے۔
					گل جاگیر-1	Rs. 8,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 26.10.2026 تک ہے۔		
سرگودھا۔	28.07.2026 تا 29.07.2026 13.08.2026 تا 17.08.2026 03.09.2026 تا 04.09.2026 11:59:59 pm	05.08.2026 22.08.2026 11.09.2026 09 am-05 pm	دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، کمپلیکس کینال روڈ نزد یوسف پارک، سرگودھا۔ 0301-7413150	سینڈ سٹون/ بسالٹ/ ڈائیو رائٹ/ ٹف۔	کیٹگری(A)			
					بلاک نمبر (11+12, C+D)/126 جنوبی۔	Rs. 380,000,000/-	بلاک نمبر 126/(10-3A) جنوبی۔	Rs. 430,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 20.10.2026 تک ہے۔
					بلاک نمبر (8)/123 جنوبی۔	Rs. 110,000,000/-	بلاک نمبر (11+12,A+B-2)/126 جنوبی۔	Rs. 221,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 20.10.2026 تک ہے۔
					کیٹگری(B)			
					بلاک نمبر 123/(1-B) جنوبی۔	Rs. 50,000,000/-		
					بلاک نمبر 126/(15-B) جنوبی۔	Rs. 60,000,000/-		
					بلاک نمبر 116/(7-A) جنوبی۔	Rs. 69,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 27.10.2026 تک ہے۔		
					کیٹگری(C)			
					بلاک نمبر 110/(7) جنوبی۔	Rs. 45,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 20.10.2026 تک ہے۔		
					بلاک نمبر 107/(1) جنوبی۔	Rs. 250,000,000/-		
					بلاک نمبر 47/(A) جنوبی۔	Rs. 35,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 20.10.2026 تک ہے۔		
					بلاک نمبر 48/(2) جنوبی۔	Rs. 2,500,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 20.10.2026 تک ہے۔		
				عام ریت۔	زون نمبر-6-دامن سرشیم نزد طالب والا۔	Rs. 180,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 27.11.2026 تک ہے۔		
جھنگ۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، بلاک نمبر 10/W سیٹلائٹ ٹاؤن، چنیوٹ۔ 047-6332292 0310-4532349	عام ریت۔	شورکوٹ زون۔	Rs. 40,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 29.12.2026 تک ہے۔	کلی والا۔	Rs. 3,00,00,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 14.07.2026 تک ہے۔
ٹوبہ ٹیک سنگھ۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm			ٹوبہ لاہور گوجرہ زون۔	Rs. 90,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 09.12.2026 تک ہے۔		
سیالکوٹ۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، کرسچن ٹاؤن، سیالکوٹ۔ 052-4263811 0300-0592991	عام ریت/ بھرت۔	ڈھیسیاں زون۔	Rs. 40,000,000/-		
گجرات۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm		عام ریت/ بھرت۔	کوٹلہ عرب علی خان۔	Rs. 45,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 09.10.2026 تک ہے۔	چک گلاں۔	Rs. 35,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 22.12.2026 تک ہے۔
جہلم۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز نزد ڈپٹی کمشنر ہاؤس، ڈھوک بابا اعظم مہران روڈ، جہلم۔ 0315-7321973 0321-7321973	ریت گریول۔	کہائی کلی۔	Rs. 15,300,000/-		
				سینڈ سٹون۔	چھوئی گلاں۔	Rs. 25,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 06.12.2026 تک ہے۔		
قصور۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm	دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، لاہور ریجن، لاہور، پنجاب پرچم ہاؤس، ملتان روڈ، لاہور۔ 0339-9200002 0341-4662969	عام ریت۔	جودھ سنگھ والا/ راجو وال زون۔	Rs. 54,000,000/-		
لاہور۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm		عام ریت۔	محمود بوٹی زون۔	Rs. 180,000,000/-		
اوکاڑہ۔	28.07.2026 تا 29.07.2026 13.08.2026 تا 17.08.2026 03.09.2026 تا 04.09.2026 11:59:59 pm	05.08.2026 22.08.2026 11.09.2026 09 am-05 pm	دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، مکان نمبر 198، گلی نمبر-03، موکل کالونی، نور شاہ روڈ، ضلع ساہیوال۔ 0346-7686570	عام ریت۔	ساہنو وال حجرہ شاہ مقیم زون۔	Rs. 120,000,000/-		
پاکپتن۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm		عام ریت۔	پاکپتن سٹی زون-3۔	Rs. 40,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 09.11.2026 تک ہے۔	قبولہ زون۔	Rs. 22,500,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 27.12.2026 تک ہے۔
ڈیرہ غازی خان۔	28.07.2026 تا 29.07.2026 13.08.2026 تا 17.08.2026 03.09.2026 تا 04.09.2026 11:59:59 pm	05.08.2026 22.08.2026 11.09.2026 09 am-05 pm	دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، ڈیرہ غازی خان ریجن، ڈیرہ غازی خان۔ 064-2461717 0302-5012446	گریول۔	سنگھڑ-2۔	Rs. 6,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 25.12.2026 تک ہے۔		
				ریت گریول۔	سخی سرور زون-2۔	Rs. 100,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 25.12.2026 تک ہے۔		
				عام ریت/ گھسر۔	کھاگی زون۔	Rs. 1,300,000/-	سوری جھنگی	Rs. 2,600,000/-
راجن پور۔	28.07.2026 تا 29.07.2026 13.08.2026 تا 17.08.2026 03.09.2026 تا 04.09.2026 11:59:59 pm	05.08.2026 22.08.2026 11.09.2026 09 am-05 pm		ریت/ گریول۔	کاہا زون-2	Rs. 1,35,00,000/-		
				عام ریت/ گھسر۔	لنڈی پٹافی زون۔	Rs. 10450000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 31.10.2026 تک ہے۔	کوٹ مٹھن زون۔	Rs. 3,500,000/-
					برکش۔	Rs. 3,000,000/-	کوٹلہ عیسن زون۔	Rs. 2,250,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 29.12.2026 تک ہے۔
مظفر گڑھ۔	28.07.2026 تا 29.07.2026 13.08.2026 تا 17.08.2026 03.09.2026 تا 04.09.2026 11:59:59 pm	05.08.2026 22.08.2026 11.09.2026 09 am-05 pm		عام ریت/ گھسر۔	کوٹ ادو زون۔	Rs. 14,00,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 20.07.2026 تک ہے۔	باندہ والا زون۔	Rs. 15,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 27.12.2026 تک ہے۔
لیہ۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm		عام ریت/ گھسر۔	کوٹ سلطان/ چمن شاہ زون۔	Rs. 2,500,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 09.10.2026 تک ہے۔		
خانیوال۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm	دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، مکان نمبر 11/D-903، گلی نمبر-2، محمود آباد کالونی، خانیوال روڈ، ملتان۔ 061-9330216	عام ریت/ گھسر/ بھرت۔	خانیوال زون 1+2۔	Rs. 88,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 19.12.2026 تک ہے۔	کبیر والا زون-2۔	Rs. 116,200,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 18.10.2026 تک ہے۔
					جہانیاں زون-2۔	Rs. 88,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 18.10.2026 تک ہے۔	وجھی نوال زون-2۔	Rs. 25,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 31.12.2026 تک ہے۔
میانوالی۔	28.07.2026 تا 29.07.2026 13.08.2026 تا 17.08.2026 03.09.2026 تا 04.09.2026 11:59:59 pm	05.08.2026 22.08.2026 11.09.2026 09 am-05 pm	دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز، واقع بالمقابل پیرول ریلوے اسٹیشن کالا باغ روڈ میانوالی۔ 0459-332614 0301-8467404 0331-4803930	عام ریت/ بھرت۔	روکھڑی زون-1۔	Rs. 65,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 31.12.2026 تک ہے۔	اصغر کرسیال-1۔	Rs. 5,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 06.12.2026 تک ہے۔
					موسیٰ والی-1	Rs. 10,000,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 06.12.2026 تک ہے۔	حسین والی-1	Rs. 92,00,000/-
					چاپس والا زون-1	Rs. 1,50,00,000/-	خدوزئی-1	Rs. 20,00,000/-
بھکر۔	24.07.2026 تا 27.07.2026 11.08.2026 تا 12.08.2026 01.09.2026 تا 02.09.2026 11:59:59 pm	03.08.2026 20.08.2026 09.09.2026 09 am-05 pm		عام ریت/ بھرت۔	بھکر نوتک بیل زون-2۔	Rs. 40,000,000/-	منکیرہ-1۔	Rs. 1,200,000/-
					جنڈانوالہ-1	Rs.1,500,000/- پٹہ ہذا کی میعاد مورخہ 09.12.2026 تک ہے۔	ڈگرانوالہ-1	Rs. 1,200,000/-

شرائط ای-نیلام:-

1. ای-نیلام عام میں شریک ہونے والے خواہشمند فرد/ افراد/ کمپنی/ فرم کو بمطابق تواریخ درج بالا کالم (رجسٹریشن وریزرو قیمت کی بینک رسید اپلوڈ کرنے کی حتمی تاریخ) سے قبل آن لائن بذریعہ e-biz پورٹل https://ebiz.punjab.gov.pk پر رجسٹریشن کروانا لازم ہو گی۔
2. ای-نیلام عام میں شریک ہونے والے خواہشمند فرد/ افراد/ کمپنی/ فرم کو بمطابق تواریخ درج بالا کالم (رجسٹریشن وریزرو قیمت کی بینک رسید اپلوڈ کرنے کی حتمی تاریخ) تک ایسے بلاکس/ زونز جن پر بولی دہندہ بولی دینا چاہتا ہو، بمطابق ریزرو پرائس ایک چوتھائی/ ششم رقم بصورت پے آرڈر/ سی ڈی آر/ کیش، ہر بلاک/ زون کے لئے علیحدہ علیحدہ ویب سائٹ https://mmdeauction.punjab.gov.pk پر جا کر چالان ڈاؤن لوڈ کرے گا اور چالان پر رقم درج کرنے کے بعد بینک آف پنجاب کی کسی بھی شاخ میں جمع کروا کر رسید حاصل کرے گا۔ بینک رسید آکشن پورٹل https://mmdeauction.punjab.gov.pk پر اپلوڈ کرنا لازمی ہے۔
3. مشتہر کردہ پٹہ جات معدنیات کے محل وقوع، معدن کی کوالٹی، معدنی پٹہ کی رسائی، معدن کی مارکیٹ سابقہ موصول شدہ بولیوں وغیرہ کی تفصیل محکمہ معدنیات کی ویب سائٹ www.mnm.punjab.gov.pk پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں مزید کسی قسم کی معلومات کے لیے دفتری اوقات کار میں زیر دستخطی یا متعلقہ سیکرٹری ای-نیلام کمیٹی/ (متعلقہ دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر/ ڈپٹی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرلز) کے دفتر سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔
4. یہ کہ رقبہ جات "جہاں ہیں جیسے ہیں" اور لائسنسنگ اتھارٹی/ محکمہ کے پاس دستیاب معلومات کی بنیاد پر ای-نیلام عام میں پیش کئے جا رہے ہیں۔ لہٰذا بولی دہندگان بولی دینے سے قبل رقبہ جات کے بارے میں محکمہ کی ویب سائیٹ (www.mnm.punjab.gov.pk) پر موجود معلومات اور ان میں موجود معدن کی مقدار و معیار کے بارے میں اپنی تسلی کر لیں بعد ازیں کسی بھی مجاز اتھارٹی و عدالت کے پاس معدن کی مقدار یا معیار کے بارے میں محکمہ ہذا کے خلاف ان کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔
5. سرکاری واجبات کے نادہندگان/ بلیک لسٹ افراد نیلام عام میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔
6. پٹہ جات برائے عام ریت، گریول، ریت/ گریول کی میعاد دو (02) سال جبکہ سینڈ سٹون اور سلیٹ سٹون کی میعاد تین (03) سال ہو گی۔
7. تمام رجسٹرڈ بولی دہندگان پر لازم ہے کہ وہ شرائط ای-نیلام عام کو اچھی طرح سے پڑھ کر بطور قبولیت دیئے گئے چیک باکس کو کلک کریں اور پٹہ کی بولی مشتہر شدہ Reserve Price سے شروع کریں۔ ای-نیلام عام کا دورانیہ آخری ایک (01) منٹ میں بولی وصول نہ ہونے پر خود بخود مقررہ وقت پر ختم ہو جائے گا۔ بصورت دیگر، بولی دہندگان کے لیے آخری آمدہ بولی کے وقت سے مزید تین (03) منٹ کا اضافہ کر دیا جائے گا جو کہ مقابلہ کی صورت میں جاری رہے گا اور رات (12.00) بارہ بجے بولی حتمی طور پر ختم ہو جائے گی۔ ای-نیلام عام کمیٹی بولی ختم ہونے پر، کامیاب بولی دہندہ کا اعلان کرے گی اور پرت نیلام پر کامیاب بولی دہندہ کے دوران رجسٹریشن اپلوڈ کئے گئے دستخط ثبت ہو جائیں گے۔
8. یہ کہ ایسے بلاکس/ زونز جن پر ای-نیلام پورٹل میں کسی قسم کی فنی خرابی کی وجہ سے بولی کا عمل مکمل نہ ہو سکے تو ایسے رقبہ جات آخری وصول شدہ بولی سے ہی دوبارہ بذریعہ ای-نیلام پیش کیے جائیں گے۔
9. کامیاب بولی دہندہ بمطابق دی گئی بولی، پہلے سے جمع شدہ ایک چوتھائی ریزرو پرائس سے زائد بننے والی رقم برائے زر چہارم/ ششم بصورت کیش یا پے آرڈر/ کال ڈیپازٹ بنام ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز پنجاب، لاہور (سرکاری حیثیت میں) بعد از ای-نیلام عام اندر دو (02) دفتری ایام بینک آف پنجاب کی کسی بھی شاخ میں جمع کروائی جا سکتی ہے۔ اس مقصد کے لیے چالان ویب سائٹ https://mmdeauction.punjab.gov.pk پر مہیا کیا گیا ہے۔ ناکامی کی صورت میں پہلے سے جمع شدہ زر چہارم/ ششم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور اگلی سب سے زیادہ بولی حتمی بولی تصور کی جا سکتی ہے۔
10. لائسنسنگ اتھارٹی کو کوئی بھی وجہ بتائے بغیر بولی منظور یا نامنظور کرنے کا اختیار ہو گا۔
11. بولی منظور ہونے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا (15%) پندرہ فیصد رقم بطور سیکورٹی جمع کروانا ہو گی۔ سیکورٹی کا چالان بھی ویب سائٹ https://mmdeauction.punjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کر کے بینک آف پنجاب کی کسی بھی شاخ میں جمع کروا کر ویب سائٹ https://mmdeauction.punjab.gov.pk پر بینک رسید اپ لوڈ کرے گا۔ 15 دن میں سیکورٹی جمع نہ کروانے کی صورت میں بولی منسوخ کر دی جائے گی اور بولی کی جمع شدہ زر چہارم/ ششم کی رقم ضبط کر لی جائے گی اور پٹہ دوسرے نمبر والے بولی دہندہ کو آفر کیا جا سکتا ہے۔
12. یہ کہ لائسنسنگ اتھارٹی کو اختیار حاصل ہو گا کہ وہ کسی بھی بلاک/ زون کی ریزرو قیمت دوسرے یا تیسرے دور سے پہلے کٹنگ ایکسپرٹ کمیٹی کی منظوری سے کم یا زیادہ کر سکتی ہے۔ البتہ اس بلاک یا زون کا تاریخ ای-نیلام سے پہلے اخبارات میں تصحیح نامہ جاری کر دیا جائے گا۔
13. پٹہ دار مجاز اتھارٹی کی طرف سے عام ریت، گریول، سینڈ سٹون اور سلیٹ سٹون کے لیے مقرر کردہ شیڈیول ریٹ کے مطابق قیمت معدن وصول کرنے کا مجاز ہو گا۔ زائد وصولی کی صورت میں پٹہ دار کے خلاف حسب قواعد و ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔
14. یہ کہ اگر زیر تصرف حکومت کی ملکیتی زمین ہو تو ایسی صورت میں آپ متعلقہ حکومت کے ریونیو قوانین یا متعلقہ ضلع میں لاگو قوانین کے تحت مقرر کردہ ریٹ کے مطابق مالکانہ ادا کریں گے اور پرائیویٹ مالک اراضی کی صورت میں نکاسی معدن کیلئے اس کی باہمی رضامندی سے مالکانہ ادا کر کے نکاسی معدن کریں گے فریقین کے درمیان باہمی رضامندی نہ ہونے کی صورت میں پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 کے قاعدہ نمبر 208 کے تحت لائسنسنگ اتھارٹی کی طرف سے مقرر کردہ ریٹ اور طریقہ کار کے مطابق مالکانہ کی ادائیگی کریں گے۔ لائسنسنگ اتھارٹی کے ریٹ کے بارے میں کیا گیا فیصلہ حتمی تصور ہو گا۔
15. پٹہ نامہ الاٹ ہونے کی صورت میں پٹہ دار کو کسی بھی صورت میں بھی پٹہ سے دستبردار ہونے کا اختیار نہ ہو گا اور زر نیلام یا سیکورٹی واپس نہ کی جائے گی۔
16. اگر حکومت مروجہ قانون کے تحت پٹہ دار کے بلاک/ زون کے کسی حصہ کو حاصل (acquire) کرتی ہے تو پٹہ دار اسی حد تک بولی کی رقم میں واپسی کا دعویٰ کر سکتا ہے۔ بشرطیکہ محکمہ اس حصول شدہ اراضی (acquired land) کا قبضہ حاصل کرے، اور پٹہ دار کو اس علاقے سے معدنیات اٹھانے سے مؤثر طریقے سے روک دیا جائے۔ اس کے سوائے کسی اور صورت میں بولی کی رقم یا سیکورٹی کو کم یا واپس نہیں کیا جائے گا۔
17. پٹہ پر دیئے گئے رقبہ کے ایک مقام سے کھدائی کی جانے والی معدنیات کو کان کنی کے پٹہ کے پورے علاقے سے کھدائی تصور سمجھا جائے گا۔
18. پٹہ دار پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 اور ان میں وقتاً فوقتاً کی گئی ترامیم اور گورنمنٹ کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کی گئی ہدایات، پالیسی اور شرائط ای-نیلام عام کے مطابق رقبہ میں کام کرنے کا پابند ہو گا۔
19. اجارہ داری کو روکنے کیلئے کوئی بھی ایک بولی دہندہ/ پٹہ دار کسی بھی ضلع میں ریت کے 20% سے زیادہ پٹہ جات نہ لے سکتا ہے۔ جبکہ سینڈ سٹون کی صورت میں زیادہ سے زیادہ پٹہ جات حاصل کرنے کی حد سات (07) ہے جو بذریعہ نوٹیفیکیشن مقرر کی گئی ہے۔ اس نوٹیفیکیشن کی نقل محکمہ معدنیات کے کسی بھی دفتر سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ ان کی پابندی لازم ہے۔ بولی دہندہ کی جانب سے خلاف ورزی کی صورت میں حسب قواعد کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔
20. پٹہ دار، پٹہ سے نکاسی معدن کرنے کا پابند ہو گا۔ اگر پٹہ دار پٹہ سے نکاسی معدن نہ کرے گا تو اسکا پٹہ حسب قواعد منسوخ کیا جا سکتا ہے۔
21. پٹہ معدن الاٹ ہونے کی صورت میں پٹہ دار پٹہ کی اقساط مقررہ تواریخ پر ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ قسط پٹہ مقررہ تواریخ پر ادا نہ کرنے کی صورت میں حسب قواعد پٹہ منسوخ کیا جا سکتا ہے اور سیکورٹی ضبط کر لی جائے گی۔
22. جو بلاکس/ زونز پہلی ای-نیلامی میں مناسب بولی وصول نہ ہونے کی وجہ سے یا کسی دیگر وجوہ سے ای-نیلام نہ ہو سکیں گے وہ بعد کی تاریخ/ تواریخ پر ای-نیلام کیے جائیں گے۔
23. بولی دہندہ کسی بھی بلاک/ زون میں پہلے سے موجود کرشرز، آبادی یا دیگر تنصیبات وغیرہ یا کسی بھی اور وجہ سے نیلام کی رقم کی واپسی کا مستحق نہ ہو گا۔
24. اگر پٹہ معدن کا کچھ حصہ محکمہ جنگلات کے رقبہ میں پڑتا ہو تو محکمہ جنگلات سے معاہدہ کرنے کے بعد نکاسی معدن کی اجازت ہو گی۔
25. کامیاب بولی دہندہ بولی کے زر چہارم/ ششم کا انکم ٹیکس حسب قواعد محکمہ انکم ٹیکس بمطابق (10 فیصد یا جو بھی شرح نافذ العمل ہو گی) بعد از ای-نیلام اندر دو (02) دفتری ایام جمع کروانے کا پابند ہو گا۔
26. کوئی بھی بولی دہندہ ایک سے زیادہ اضلاع، جنکی تاریخ ای- نیلام عام ایک دن ہو، اور بولی دہندہ بولی میں حصہ لینا چاہتا ہو تو وہ بذریعہ ای-نیلام عام بیک وقت ایک سے زیادہ اضلاع میں ای-نیلام عام میں حصہ لے سکتا ہے۔
27. پٹہ دار مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر یا اس کے منظور کردہ ایکسائز ڈیوٹی کنٹریکٹر کو حکومت کی طرف سے مقرر کردہ ریٹس کے مطابق ایکسائز ڈیوٹی ادا کرنے کا پابند ہو گا۔
28. **کسی بھی پٹہ سے نکاسی ریت بذریعہ ڈریجر مشین کی ہرگز اجازت نہ ہو گی۔ البتہ دریائی ریت کے پٹہ جات میں بہتے پانی میں، محکمہ ماحولیات کی اجازت لینے کے بعد ڈریجر مشین سے نکاسی ریت بمطابق شرائط محکمہ ماحولیات ہو گی۔**
29. کامیاب بولی دہندہ، بولی کی منظوری کی صورت میں ورک آرڈر کے اجراء کے ساتھ محکمہ ماحولیات کی طرف سے منظور رقبہ زیر پٹہ کی منظور شدہ EIA/IEE رپورٹ کے مطابق شرائط و ضوابط جو کہ پٹہ نامہ کے ساتھ لف کی جائیں گی تصدیق شدہ ملاحظہ و منظور کرنے کا پابند ہو گا اور ان کی مکمل پابندی کرتا ہو گا۔ خلاف ورزی کی صورت میں پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 اور محکمہ ماحولیات کے متعلقہ نافذ العمل قواعد و شرائط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔
30. پٹہ دار کی طرف سے پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 اور ان میں وقتاً فوقتاً کی جانے والی ترامیم کی خلاف ورزی کی صورت میں بلیک لسٹنگ کی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے اور پٹہ منسوخ ہو سکتا ہے۔
31. بولی دہندگان/ پٹہ داران لائسنسنگ اتھارٹی کے فیصلہ کی ترسیل کے تیس (30) یوم کے اندر اندر ڈائریکٹر جنرل مائنز اینڈ منرلز، پنجاب لاہور کے پاس زیر قواعد پنجاب معدنی مراعاتی قوانین مجریہ 2002 کے تحت اپیل دائر کر سکتے ہیں۔

ڈائریکٹر لائسنسنگ (ادنیٰ معدنیات)،
پنجاب پرچم ہاؤس ملتان روڈ، لاہور۔
فون نمبر:- 042-99214854

IPL-7229

dailyads.pk